ڈائریکٹر پریس سندھ پولیس

فون نمبر 99212639

ایف آئی آرز کے اندراج میں غیر ضروری تاخیر برداشت نہیں کی جائیگی۔ آئی جی سندھ

فرائض پر مامور افسران اور جوانوں کی باقاعدہ تربیت کے انتظامات کئے جائیں۔ اقبال محمود۔

کراچی 13 اپریل 2014ء:۔ کراچی میں امن و امان کے قیام اور جرائم پیشہ افراد کے خلاف جاری ٹارگیٹڈ آپریشن کے پیش نظر جامع حکمت عملی کی ترتیب اور اسکے تحت تھانہ جات کے بیٹ اپ کیمپوٹ کی فراہمی کیلئے پولیس ہیڈ کوارٹرز کی سطح پر ریزرو پلاٹونز کو الرٹ رکھا جائے۔

آئی جی سندھ اقبال محمود کی زیر صدارت امن و امان کے حوالے سے ہونے والے اجلاس کے دوران تمام ضلعی امن کمیٹیوں کو ہدایات دیں کہ فرائض کی ادائیگی کی بابت تھانوں میں تعینات افسران اور جوانوں کی باقاعدہ تربیت کے اقدامات کئے جائیں۔ انھوں نے کہا کہ ڈی آئی جیز سے لیکر کانسٹیبلان تک کیلئے فائرنگ پریکٹس کے اقدامات کئے جائیں اور اس ضمن میں زونل ڈی آئی جیز تھانے کے دو دو پولیس افسران و جوانوں کو روزانہ کی بنیاد پر پولیس فائرنگ رینج پر پریکٹس کو ممکن بنائیں۔

آئی جی سندھ نے شہر میں قتل کے واقعات پر اظہار تشویش کرتے ہوئے کہا کہ شہریوں کے جان و مال کا تحفظ پولیس کی ذمہ داری ہے اور اس ضمن میں ہر افسر اور جوان کی کارکردگی کی جانچ کیلئے حکمت عملی مرتب کرلی گئی ہے اور اب محکمہ پولیس صرف دیانتدار اور فرض شناس افسران اور جوانوں کیلئے ہی ہوگا۔ انھوں نے کہا غفلت و لاپرواہی کے مرتکب غیر حاضر محکمہ میں لائی گئی کمی کو پیشہ ور SHO کے متعلقہ تھانوں میں درج مقدمات کے تحت گرفتار عدم گرفتار ملزمان، ضمانتوں پر رہا ہونیوالے ملزمان اور سزائیں پانیوالے ملزمان فہرستوں کی ترتیب کی ہدایات دیں۔ انھوں نے کہا تفتیشی افسران مقدمات کی پیروی اور مفرور و اشتہاری ملزمان کی گرفتاریوں کیلئے ٹارگیٹڈ کارروائیوں کی یقینی بنائیں انھوں نے کہا کہ کسی بھی واقعہ کے رونما ہونے کی صورت میں متعلقہ SHO فوری طور پر جائے وقوعہ پر پہنچیگا جبکہ ایس آئی او شہادتوں کو اکٹھا کریگا اور تمام شواہد کو جدید طریقے سے محفوظ فارنزک ڈویژن کو بھی طلب کیا جائیگا۔ انھوں نے کہا کہ مقدمات کی تفتیش کے تجربہ کار افسران کو ذمہ داریاں سونپی جائیں۔ انھوں نے کہا کہ الف آئی آر کے عدم اندراج کے حوالے سے شہریوں کے تحفظات سنے اور اس ضمن میں پولیس کے عدم تعاون کے متعلق شکایات بھی ملیں۔ انھوں نے کہا کہ الف آئی آر کے عدم اندراج کی جانچ کیلئے ایڈیشنل آئی جی کو ہدایات دی ہیں۔ انھوں نے کہا کہ FIR کے اندراج میں تاخیر نہ کی جائے اس سے نا صرف مدعی کی حق تلفی ہوتی ہے بلکہ مقدمات کے نتائج پر بھی منفی اثر پڑتا ہے۔